فوری ریلیز کے لیے: 2023/17/2 **گورنر *KATHY HOCHUL***

گورنر HOCHUL نے ملازمتیں تلاش کرنے میں اعلیٰ ہنریافتہ تارکین وطن کی مدد کے لیے ریاست گیر پروگرام کی توسیع کا اعلان کیا ہے

4.38$ ملین کی گرانٹ فنڈنگ سے نیویارک میں اعلیٰ ہنریافتہ تارکین وطن کے لیے پیشہ ورانہ تربیت اور ملازمت کی جگہوں میں معاونت کی جائے گی

اعلیٰ ہنر مند تارکین وطن کے پروگرام کے لیے پروفیشنل پاتھ ویز کی توسیع، گورنر Hochul کے اس عزم پر استوار کی گئی ہے کہ تارکین وطن کے لیے افرادی قوت کے ترقیاتی پروگرام کو مضبوط بنایا جائے گا.

گورنر Kathy Hochul نے آج ریاست نیویارک کے اعلیٰ ہنریافتہ تارکین وطن کے لیے پروفیشنل پاتھ ویز کے پروگرام کی توسیع کا اعلان کیا ہے تاکہ نئے امریکی شہریوں کو ایسی ملازمتیں تلاش کرنے میں مدد ملے جو ان کی مہارت اور تجربے سے مماثلت رکھتی ہوں۔ پروگرام کی توسیع کے حصے کے طور پر، نیویارک میں اعلیٰ ہنریافتہ تارکین وطن کی بڑھتی ہوئی تعداد کے لیے پیشہ ورانہ تربیت اور ملازمتوں کے حصول کی کوششوں میں معاونت کے لیے ریاستی امداد سے چلنے والی کل 4.38$ ملین کی گرانٹس، کمیونٹی میں موجود فراہم کنندگان کو دی جائیں گی۔ یہ گرانٹس تین سالوں کے عرصے میں دی جائیں گی اور ریاست نیویارک کے دفتر برائے نو امریکی باشندگان کے ذریعے ان کا انتظام کیا جائے گا۔ پروفیشنل پاتھ ویز کی توسیع، گورنر Hochul کے اس عزم پر استوار کی گئی ہے کہ تارکین وطن کے لیے افرادی قوت کے ریاستی ترقیاتی پروگرام کو مضبوط بنایا جائے گا، جس کا اظہار پہلی بار 2022 اسٹیٹ آف دی اسٹیٹ میں کیا گیا تھا۔

"نسل در نسل، نیویارک آنے والے تارکین وطن کی جانب سے اپنی اور اپنے گھرانوں کی زندگیوں کو بہتر کرنے کی خاطر محنت اور عزم کی بدولت ہماری ریاست آج اس نہج پر پہنچی ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اعلیٰ ہنریافتہ تارکین وطن کے پروگرام کے لیے پروفیشنل پاتھ ویز کو وسعت دیتے ہوئے، ہم اپنی ریاست میں نئے امریکی شہریوں کے لیے اپنی معاونت کو مضبوط بنا رہے ہیں اور تارکین وطن کو افرادی قوت میں داخل ہونے اور نیویارک کے خواب کی تعبیر حاصل کرنے کے لیے درکار وسائل سے مربوط کر رہے ہیں۔"

NYS پروفیشنل پاتھ ویز پروگرام، جو سب سے پہلے 2021 میں [شروع کیا گیا تھا](), یہ پروگرام اعلیٰ ہنرمند تارکین وطن کی مدد کرتا ہے تاکہ امیدواروں کی اسکریننگ، تربیت اور/یا دوبارہ سند حاصل کرتے ہوئے اور ریاست بھر میں انتہائی ضرورت مند علاقوں میں کم آمدنی والے تارکین وطن کے لیے ملازمت کے مواقع کی نشاندہی کرتے ہوئے پیشہ ورانہ ترقی کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو عبور کیا جائے۔ یہ پروگرام خاص طور پر ان شعبوں کے لیے تیار کیا گیا ہے جہاں ریاست نیویارک میں فی الحال انتہائی ہنرمند کارکنوں کی ضرورت ہے، جن میں فن تعمیر، انجینئرنگ، انفارمیشن ٹیکنالوجی، تعلیم، سماجی کام، معاشیات، کاروباری نظم و نسق اور صحافت شامل ہے۔

پروفیشنل پاتھ ویز پروگرام نے اپنے پہلے ہی سال میں ریاست نیویارک میں متعدد تارکین وطن کو بہت سی کامیابیوں سے ہمکنار کیا ہے۔ 31 جنوری 2023 تک، پروفیشنل پاتھ ویز لیڈ ایجنسی اپورڈلی گلوبل کے مطابق، ملازمت کے 282 متلاشیوں کو پروگرام میں قبولیت دی گئی تھی اور انہوں نے امریکی ملازمت کی تیاری کی تربیت اور کوچنگ

حاصل کی تھی، اور ملازمت کے 88 متلاشی افراد کو پیشہ ورانہ سطح کے عہدوں پر رکھا گیا، جن میں ابھی تک تقرریاں جاری ہیں۔ اس پروگرام کے شرکاء کو ریاست ہائے متحدہ میں کام کرنے کی اجازت ملنی چاہیئے۔

دفتر برائے نئے امریکی شہری (Office for New Americans، ONA) کے زیر انتظام ان نئی، توسیعی گرانٹس کے تحت، اپورڈلی گلوبل کو پروفیشنل پاتھ ویز لیڈ ایجنسی کے طور پر خدمات انجام دینے کے لیے فنڈ فراہم کیا جائے گا، جو ONA جاب کوچز کے ایک نیٹ ورک کو پروگرام کی جہت اور ریاست بھر میں تکنیکی معاونت فراہم کرے گا۔ مزید برآں، ریاست کے مختلف خطوں میں ONA جاب کوچ ایجنسیوں کے طور پر کام کرنے کے لیے، دیگر غیر منافع بخش تنظیموں کو فنڈ فراہم کیا جائے گا، اس پروگرام کی توسیع کے تحت لانگ آئی لینڈ کو ایک نئے علاقے کے طور پر شامل کیا جائے گا۔

پروفیشنل پاتھ ویز کے شراکت دار مندرجہ ذیل ہیں:

- ریاست گیر لیڈ ایجنسی: اپورڈلی گلوبل
- ONA جاب کوچ - بروکلین/ کوئینز: اپورڈلی گلوبل
- ONA جاب کوچ - برونکس، مینہیٹن، سٹیٹن آئلینڈ: اپورڈلی گلوبل
- ONA جاب کوچ - دارالحکومتی علاقہ: امریکی کمیٹی برائے پناہ گزین اور تارکینِ وطن
- ONA جاب کوچ - مرکزی NY: انٹر فیتھ ورکس
- ONA جاب کوچ - لانگ آئی لینڈ: مرکزی امریکی پناہ گزین مرکز (Central American Refugee Center, CARECEN)
- ONA جاب کوچ - موہاک ویلی: دی سینٹر
- ONA جاب کوچ - مغربی NY: انٹرنیشنل انسٹیٹیوٹ آف بفلو

پروفیشنل پاتھ ویز پروگرام اور درخواست دینے کے طریقے کے بارے میں مزید معلومات یہاں دستیاب ہیں۔

ریاست نیویارک سیکرٹری برائے ریاست Robert J. Rodriguez نے کہا، "نیویارک میں، ہم تارکین وطن کی اہمیت اور اپنی ریاست اور ملک کے لیے ان کے تعاون کو تسلیم کرتے ہیں۔ پھر بھی، بہت سارے نئے امریکیوں کو لاتعداد رکاوٹوں کا سامنا ہے جن کی وجہ سے ان کے لیے خود اپنی اور اپنے خاندانوں کی زندگیوں کو بہتر بنانا مشکل تر ہو جاتا ہے۔ دفتر برائے نو امریکی باشندگان کے پروفیشنل پاتھ ویز پروگرام کی توسیع کے ذریعے، ہم نیویارک کے تارکین وطن کو بااختیار بنا رہے ہیں اور ترقی دے رہے ہیں اور انہیں ایسے ہنر اور وسائل فراہم کر رہے ہیں جن کی انہیں ضرورت ہے تاکہ آج کی ملازمت کی مارکیٹ میں کامیابی حاصل کریں اور ترقی کی منازل طے کریں۔"

اپورڈلی گلوبل کی صدر اور CEO Jina Krause-Vilmar نے کہا، "ریاست نیویارک کی جانب سے ان تارکین وطن اور پناہ گزینوں کی معاونتی کوششوں کی قیادت کرنا ایک اعزاز کی بات ہے جو امریکہ میں اپنی زندگیوں اور کیریئرز کی دوبارہ شروعات کر رہے ہیں کیونکہ نئے آنے والے اکثر لوگوں کے پاس اپنے ممالک سے حاصل شدہ وسیع تعلیم اور تجربہ موجود ہوتا ہے لیکن امریکی جاب مارکیٹ میں ان کی مہارتوں کو نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ تارکین وطن اور پناہ گزین کمیونٹیز کی صلاحیت کو بڑھانے کے لیے، پروفیشنل پاتھ ویز پروگرام کی توسیع ایک غیر معمولی ماڈل کے طور پر کام کرتی ہے، جو کہ اپورڈلی گلوبل میں ہمارے کام کا ایک ستون ہے۔"

بفلو کے بین الاقوامی انسٹی ٹیوٹ کی ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Jennifer Rizzo-Choi نے کہا، "بفلو کے بین الاقوامی انسٹی ٹیوٹ کو خوشی محسوس ہو رہی ہے کہ ONA جاب کوچ پارٹنر کے طور پر پیشہ ورانہ پاتھ ویز پروگرام کے ساتھ مسلسل کام کر رہے ہیں۔مغربی نیویارک کے علاقے میں اس پروگرام نے بہت سی کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ 2021 سے، 45 شرکاء کو پروگرام میں داخل کیا گیا ہے اور 13 شرکاء کو ان کے کام کے اصل شعبوں میں ملازمتیں دی گئی ہیں، جن میں میڈیکل، IT، فنانس اور سماجی کام کے شعبے شامل ہیں۔ ہم دفتر برائے نو امریکی باشندگان کے ساتھ اپنی شراکت داری کی قدر کرتے ہیں اور اس اہم ترین پروگرام کی مسلسل ترقی کے لیے پُرجوش ہیں۔"

ریاست نیویارک پروفیشنل پاتھ ویز پروگرام کے شریکِ کار Juan Beltran Carranza نے کہا، "جب مجھے امریکہ میں پہلی نوکری ملی تو اپورڈلی گلوبل میرا سب سے بہترین ساتھی تھا؛ میں اس کمپنی میں ہر شخص کا بہت شکرگزار ہوں لیکن خاص طور پر اپنے جاب کوچ کا شکریہ ادا کرتا ہوں، جنہوں نے راستے میں میری رہنمائی کی اور وہ جانتے تھے کہ میرے شکوک و شبہات کو کیسے دور کرنا ہے۔ میں واقعی شکر گزار ہوں، اور میں جانتا ہوں کہ میں ہمیشہ اپنے تمام تارکین وطن دوستوں کو اپورڈلی گلوبل کی تجویز دیتا رہوں گا کیونکہ ہمارے لیے یہ سفر اتنا آسان نہیں ہے۔ آپ کا شکریہ، کہ اب ہم اپنے خواب اور مقاصد پورے کر سکتے ہیں۔"

نیویارک تارکینِ وطن اتحاد کے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر Murad Awawdeh نے کہا، "ہم گورنر Hochul کے شکرگزار ہیں کہ پورے ماضی کے دوران ریاست نیویارک کی تشکیل و ترقی میں تارکین وطن کی اہم شراکتوں کو تسلیم کیا گیا ہے۔ ہماری نئی آنے والی کمیونٹی میں سرمایہ کاری کرتے ہوئے، انہوں نے اس بات کو یقینی بنایا ہے کہ نیویارک کے زیادہ سے زیادہ شہریوں کے پاس ایسی مہارتیں موجود ہوں جو افرادی قوت میں شامل ہونے اور اب اور مستقبل میں اپنی معیشت کو ترقی دینے کے لیے درکار ہیں۔ نیویارک کے کاروباروں اور اپنی معیشت کی صحت کو یقینی بناتے ہوئے، معیاری زندگی کی تعمیر، خاندانوں اور کمیونٹیز کو مستحکم کرنے کا ایک لازمی حصہ یہ ہے کہ صحیح ملازمت حاصل کی جائے۔"

2012 میں قائم شدہ، ریاست نیویارک کا دفتر برائے نئے امریکی باشندگان، ملک میں قانونی طور پر بنایا گیا پہلا تارکینِ وطن کی خدمات کا دفتر ہے۔ ONA، کمیونٹی پر مبنی فراہم کنندگان کے ریاست گیر نیٹ ورک کے ذریعے تمام نئے امریکیوں کی مدد کرتا ہے کہ وہ مختلف قسم کی مفت خدمات اور معاونت تک رسائی حاصل کریں اور انہیں تلاش کریں۔

معاونت کے ضرورت مند کسی تارکِ وطن کے لیے، یا ONA کے پروگراموں سے رابطہ قائم کرنے کے لیے، نیو امریکنز ہاٹ لائن 1-800-566-7636 پر پیر سے جمعہ، صبح 9:00 بجے سے رات 8:00 بجے تک کال کریں۔ تمام کالز خفیہ رکھی جاتی ہیں۔ 200 سے زائد زبانوں میں معاونت دستیاب ہے۔ مزید معلومات کے لیے، ملاحظہ کریں https://dos.ny.gov/office-new-americans یا ONA کو Twitter پر NYSNewAmericans@ پر یا Facebook پر https://www.facebook.com/NYSNewAmericans پر فالو کریں۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418